RAMPUR STATE GAZETTE

ریاست رامپور گزٹ

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۱۵	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۳ ربیع الثانی سنہ ۱۳۲۹ھ مطابق ۳ اپریل سنہ ۱۹۱۱ء	جلد ۲۳

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	[illegible] اضافہ ناظر آڈٹ برابلہدی و تقرر حمید علیخان امیدوار بجای ناظر آڈٹ	۱ و ۲
۲	رخصت ابلہد اجلاس ہمایون	۲
۳	اضافہ کلرک انگلش پنشن	۲
۴	تقرر محمد حسین خان بر سڑک شاہ آباد	۵
۵	مزید رخصت پیشکار پرائیوٹ سکریٹری صاحب بہادر	″

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۷ مارچ سنہ ۱۹۱۱ء

رپورٹ منظور ہے سید اصغر حسین ناظر آڈٹ کی تنخواہ مین دو روپیہ اضافہ ہوکر ابلہد مقرر کیا جاے اور مسمی حمید علیخان امیدوار بمشاہرہ دس روپیہ ماہوار ناظر آڈٹ مقرر کیا جائے حسب استدعا افسران آڈٹ احکام ضابطہ جاری ہون

[illegible]

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض — میرساند

جناب عالی

ایک اہلمدی پندرہ روپیہ ماہوار کی سابق مین تخفیف اس غرض سے کر دی گئی تھی کہ اسوقت قابل اہلمد تھے کام جلد جلد نکلا جاتا تھا۔ پندرہ روپیہ ماہوار تخفیف کرکے بچا لیتے تھے جو ابتک پس انداز ہوتے ہین اب دو اہلمد منجملہ قابل اہلمدونکے فوت ہوگئے ان دونون کے لڑکے انکی جگہ پر مامور ہوگئے ہین ابھی چونکہ تجربہ کار نہین ہین اسلئے اسقدر کام جسقدر انکے والد کرتے تھے نہین کرسکتے۔ ادہر طاعون کا آڈٹ کے سررشتہ کی اہلمدونپر ایسا اثر ہے کہ وہ سب پریشان ہین۔ ان اسباب کا نتیجہ یہ ہوا کہ آمد کاغذات کا زیادہ اور نکاسی کم ہے۔ اہلمدونکے ہاتھ نہین بار بار کی کوشش کرنے پر بھی زیادہ باقی کاغذات کی رہتی ہے سررشتہ سے بھی دریافت کرلیا ہے اور یہی صورت اصلاح کام کی معلوم ہوئی۔ لہذا گذارش ہے کہ سید مظفر حسین مدرس ریاضی مدرسہ عالیہ سے تبدیل ہوکر سررشتہ آڈٹ مین ناظر مقرر ہوے ہین انہون نے نظارت کا کام اچھی صورت سے کیا ہے۔ سابق کے ناظر کی تنخواہ زیادہ تھی۔ انسے ترقی کا بھی وعدہ کیا تھا۔ سید مظفر حسین بارہ روپیہ ماہوار اب پاتے ہین سید مظفر حسین نظارت سے اہلمدی پر باضافہ دو روپیہ تبدیل یا مقرر فرمادئیے جائین اور نظارت پر حیدر علیخان اسپ دار کا بمشاہرہ دس روپیہ ماہوار بالفعل تقرر منظور فرمایا جاے۔ آڈٹ کے بجٹ مین کافی گنجائش ہے اس بارہ روپیہ ماہوار کے خرچ ہونے پر اسمین تین روپیہ تخمینا ماہوار پس انداز ہوتے رہینگے اس انتظام سے امید قوی ہے کہ سررشتہ آڈٹ کا کام صاف و پاک رہیگا۔ ماجبا عرض ہے۔ دولت و اقبال دائما باد

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۱۹ر مارچ سنہ ۱۹۱۱ع

رخصت مزید چودہ یوم محمد اسحاق خان اہلمد اجلاس ہمایون بوجہ علالت والدہ مشارالیہ ۱۰ر مارچ سے ۳۱ر تک منظور فرمائی گئی۔

اضافہ

۲۵ر مارچ سنہ ۱۹۱۱ع

حسب رپورٹ میر منشی صاحب دارالانشا چار روپیہ ماہوار اضافہ اسسٹنٹ کلرک انگلش آفس بوجہ محنت و حسن انجام خدمات منظور فرمایا گیا۔

روبکار اجلاس صاحب ہوم سکرٹری بہادر واقع ۲۷ر مارچ سنہ ۱۹۱۱ع

حسب الحکم بندگان عالی حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم مسمی محمد حسن خان ولد محمود خان ساکن گھیر سیف الدین خان کا تقرر بمشاہرہ دس روپیہ ماہوار بجاے حمید اللہ خان ۵ر مارچ سنہ حال سے سرنگ شاہ آباد پر کیا جاے۔ لیکن خدمات بماتحتی صاحب جنرل پولس افسر انجام دین لہذا

حکم ہوا کہ

احکام حسب ضابطہ جاری ہون اور اطلاعی عرضداشت ارسال اجلاس ہمایون کیجاے۔

ملخص حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر

رخصت

۱۴ر مارچ سنہ ۱۹۱۱ع

رخصت مزید منشی محمود علیخان پیشکار رعایت ۳۱ر مارچ سنہ ۱۹۱۱ع بوجہ علالت وقیام لکھنؤ بانتظام سابقہ منظور کیگئی۔

مطبوعہ پریس ریاست رامپور

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۲۶ر مارچ لغایت ۲ر اپریل سنہ ۱۹۱۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	شاہ آباد و ملک کی تحصیل سے نرخنامہ نہیں آیا
گندم	۱۳۰۱ار	۰	۰	۱۳۰۱ار	۱۳۰۱ار	۱۳ ۱ار	
نخود خالص	۱۲ ۱ار	۰	۰	۱۸ ۱ار	۱۶ ۱ار	۱۶ ۱ار	
نخود کسہ آمیز	۱۷۰۱ار	۰	۰	۲۰ ۱ار	۱۸ ۱ار	۱۶۰۱ار	
کسہ	۰	۰	۰	۰	۱۹ ۱ار	۱۷۰۱ار	
ماش	۱۰ ۱ار	۰	۰	۱۰۰۱ار	۹۰۱ار	۱۰ ۱ار	
مونگ	۱۲ ۱ار	۰	۰	۰	۱۱ ۱ار	۱۰ ۱ار	
مکا	۰	۰	۰	۲۵ ۱ار	۲۸ ۱ار	۲۵ ۱ار	
جئی	۲۳ ۱ار	۰	۰	۰	۲۰۰۱ار	۲۰ ۱ار	
گوجئی	۰	۰	۰	۰	۱۶ ۱ار	۱۶ ۱ار	
عدس	۱۵ ۱ار	۰	۰	۰	۰	۰	
ارہر	۰	۰	۰	۰	۲۰ ۱ار	۱۰ ۱ار	
برنج	۷ ۱ار	۰	۰	۷۰۱ار	۷۰۱ار	۷ ۱ار	
روغن زرد	۰؍۱۱ر ۱ار	۰	۰	سہ؍۱۱ر ۱ار	سہ ۱ار	سہ ۱ار	
روغن سیاہ	۲ ۱ار	۰	۰	۲ ۱ار	۳ ۱ار	۲ ۱ار	
روغن کنجد	۱۰۱ار	۰	۰	۰	۲۰۱ار	۰	
نمک سانبھر	۱۳ ۱ار	۰	۰	۱۳ ۱ار	۱۵ ۱ار	۱۶ ۱ار	
نمک لاہوری	۰	۰	۰	۰	۰	۱۲ ۱ار	
قند سیاہ	۹ ۱ار	۰	۰	۸ ۱ار	۷۰۱ار	۷ ۱ار	
باجرہ	۲۰ ۱ار	۰	۰	۰	۱۹۰۱ار	۰	

مطبوعہ پریس ریاست رامپور